رہبر معظم کی موجودگی میں حسینیہ امام خمینی (رہ) میں چہلم کی مناسبت سے مجلس عزا - 3 /Jan/ 2013

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی موجودگی میں سید الشہداء حضرت امام حسین علیہ السلام اور ان کے باوفا اصحاب کے چہلم کی مناسبت سے آج صبح (بروز جمعرات) حسینیہ امام خمینی (رہ) میں مجلس عزا منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر کی طلباء انجمنوں کے ارکان نے شرکت کیۓ

مجلس عزا کا آغاز قرآن مجید کی نورانی آیات کی تلاوت سے ہوا اور اس کے بعد حجۃ الاسلام والمسلمین رفیعی نے زیارت اربعین کے بعض جملات کی تلاوت کی پھر امام حسین علیہ اسلام کے فلسفہ قیام اور ہدف کے بارے میں تشریح کی ۔ مجلس عزا میں کربلا کے اسیروں کے مصائب اور حضرت زینب سلام اللہ علیہا کےغم و الم اور درد و رنج کے بارے میں نوحہ خوانی اور مرثیہ خوانی کی گئی اور عزاداروں نے شہداء کربلا اور اسراء کربلا کے مصائب پر گریہ اور آہ و بکا کیاۓ اور مجلس کے اختتام پر طلباء نے رہبر معظم انقلاب اسلامی کی امامت میں نماز ظہرو عصر ادا کیۓ